سوال

(219) دعوت ولیمہ قبول کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت اپنی کسی بہن کی دعوت ولیمہ قبول نہ کرنے پر گناہگار ہوگی جبکہ اس کے شوہر نے بھی اجازت دی ہو؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسلمان عورت کا اپنی بہن کی دعوت قبول کرنا واجب ہے وہ اس سے اعراض کی وجہ سے گناہگار ہوگی جبکہ اس کے شوہر نے اسے نکلنے کی اجازت دی ہو اور ولیمہ میں کوئی برائی (مثلاً گانا بجانا بے پردگی اور مخلوط مجالس وغیرہ کا انعقاد) نہ ہو یا اگر برائی ہو تو وہ اسے روکنے کی طاقت رکھتی ہو اور اگر ایسا نہیں (یعنی برائی) کو روکنے کی طاقت نہیں) تو پھر اس پر دعوت قبول کرنا واجب نہیں اور نہ ہی وہ گناہگار ہوگی۔ (سعودی فتوی کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ نکاح وطلاق

ص283

محدث فتویٰ